## غریب عوام بجٹ 2009ء سے بھی ہمیشہ کی طرح امیدیں وابستہ کئے بیٹھے تھے کہ اس سے قبل ہی ان پر اشیائے صرف اور ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ لادھ دیا گیا، قیمتوں میں اضافہ غربت کے بجائے غریبوں کو مارنے کے مترادف ہے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی ذخیرہ اندوزی اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے

کراچی۔۔۔2، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے بجٹ سے پہلے ہی اشیائے صرف اور ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ بجٹ سے قبل ہی ذخیرہ اندوزوں کی جانب سے ذخیرہ اندوزی کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور ایسے کارخانے اور ملوں کیخلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کئے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ دن بدن بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث غریب غریب تر اور امیر امیر تر ہوتا چلا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے دور میں اشیائے صرف اور ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ غربت کے بجائے غریبوں کو مارنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ گھی، شکر، تیل، پیٹرول اور دیگر مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے براہِ راست غریب عوام کی متاثر ہوتے ہیں اور غریب عوام بجٹ 2009ء سے ہمیشہ کی طرح امیدیں وابستہ کئے بیٹھے تھے کہ اس سے قبل ہی ان پر اشیائے صرف اور ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ لادھ دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ بجٹ سے قبل اشیائے صرف اور ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف فی الفور کارروائی کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## پاک فوج کی جانب سے جاری آپریشن راہِ راست نے طالبان دہشتگردوں کی کمر توڑ کر رکھی ہے اور وہ اب اندرون ملک شہروں کو نشانہ بنارہے ہیں کراچی سمیت 6 اہم شہروں میں مزید خودکش بمباروں کے داخلے کی رپورٹ پر حق پرست اراکین سندھ اسمبلی کا اظہار تشویش

کراچی۔۔۔2، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے انٹیلی جنس ادارے کی جانب سے کراچی سمیت 6 اہم شہروں میں مزید خودکش بمباروں کے داخلے کی رپورٹ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سمیت ملک بھر میں عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فعال کیا جائے اور کسی بڑی دہشت گردی سے قبل ہی دہشت گردوں اور ان کے نیٹ ورک کا خاتمہ ممکن بنایا جائے اور اس سلسلے میں جدید اور سائنسی آلات کا استعمال کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات، دیر، بونیر اور سانگلہ میں پاک فوج کی جانب سے جاری آپریشن راہِ راست نے طالبان دہشتگردوں کی کمر توڑ کر رکھی ہے اور وہ دہشتگرد اب اندرون ملک شہروں کو نشانہ بنارہے ہیں اور اس سلسلے میں خودکش بمباروں کو ہدایت جاری کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پختونخواہ میں لڑی جانے والی جنگ ملک کی سلمیت اور استحکام کیلئے ہے اور یہی وجہ ہے کہ لاہور، اسلام آباد، فیصل آباد اور دیگر شہروں میں ہونے والے دھماکوں پر عوام نے صبر سے کام لیا لیکن طالبان دہشت گردی اور اس کے نام نہاد نظام کو قبول نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے آپریشن راہِ راست کے دوران اندرون ملک شہروں میں بم دھماکے طالبان نیٹ ورک کی اندرون ملک شہروں میں موجودگی کو صاف ظاہر کرتا ہے لہٰذا دہشت گردی سے نمٹنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے طالبان نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے کراچی سمیت ملک بھر میں کریک ڈاؤن کیا جائے اور ان کے ناجائز اڈے ختم کرکے فی الفور عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیو ایم سانگھڑ زون کے کارکن عمر دراز کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون کے کارکن عمر دراز کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عمر دراز مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ملک کے مستقبل کے معماروں کو خودکش بمباروں میں تبدیل کرنے والے ملک سے مخلص نہیں ہوسکتے ہیں،حق پرست اراکین سینٹ
## ثابت ہوگیا کہ ملک بھر کے بعض مدارس طالبان نیٹ ورک کے حامی ہیں اورانہوں نے مدرسوں میں طالبان دہشت گردوں کو پناہیں فراہم کررکھیں ہیں
## اسلام آباد سے مقامی مدرسے کے طالبعلم اور 3افراد کے گلے کاٹنے والے خطرناک طالبان دہشت گرد فدااللہ کی گرفتاری پرمشترکہ بیان

کراچی۔۔۔2،جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینٹ نے کہا ہے کہ اسلام آباد سے مقامی مدرسے کے طالب علم اور 3افراد کے گلے کاٹنے والے خطرناک طالبان دہشت گرد فدااللہ کی گرفتاری سے ثابت ہوگیا ہے کہ ملک بھر کے بعض مدارس طالبان نیٹ ورک کے حامی ہیں اورانہوں نے مدرسوں میں طالبان دہشت گردوں کو پناہیں فراہم کررکھیں ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گرفتار فدااللہ نامی طالبان دہشت گرد نے غازی فورس کے نام سے اپنا نیٹ ورک قائم کررکھا تھااور نوعمر بچوں کو خودکش بمبار بنانے کیلئے تربیتی مراکز پہنچاتا تھا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے بعض مدارس میں اسلام کی اصل روح کے مطابق تعلیمات نہیں دی جارہی ہیں اورانتہاء پسندی اور شدت پسندی کے رجحانات کوجنم دیا جارہا ہے جس کے باعث نوعمر بچوں میں اسلامی تعلیمات صرف شدت پسندی اورانتہاء پسندی تک محدود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے مستقبل کے معماروں کوخودکش بمباروں میں تبدیل کرنے والے نہ تو ملک سے مخلص ہوسکتے ہیں اور نہ ہی ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی جانب مائل دیکھ سکتے ہیں۔حق پرست اراکین سینٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد سے مقامی مدرسے کے طالب علم اور 3افراد کے گلے کاٹنے والے خطرناک طالبان دہشت گرد فدااللہ کی گرفتاری کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور کراچی،اسلام آباد سمیت ملک بھر میں ایسے نام نہاد مدارس کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے جو ملک کے معماروں میں شدت پسندی اورانتہاء پسندی کا زہر بھررہے ہیں اورانہیں ملک وقوم کیخلاف ہی استعمال کررہے ہیں۔

## موجودہ قانون میں خواتین کے اوپر تیزاب پھینکنے جیسے عمل میں ملوث ملزمان کو معمولی سزا دی جاتی ہے جس کی وجہ سے آئے دن ان بھیانک وارداتوں میں اضافہ ہورہا ہے،کشورزہرا
## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں خواتین کے نمائندہ وفد سے گفتگو

کراچی۔۔۔2جون 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرانے معصوم خواتین کو تیزاب پھینک کرجھلسانے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس گھناؤنے عمل کوقتل کے مترادف قرار دیا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں خواتین کے ایک نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ معصوم خواتین کو تیزاب پھینک کران کے چہرے اور دیگر اعضاء کو بھیانک اور ناقابل استعمال کردینے کے ملزمان کے خلاف قانون میں مئوثر قانون سازی کی جائے کیونکہ یہ عمل بھی قتل جیسے عمل کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ قانون میں خواتین کے اوپر تیزاب پھینکنے والے ملزمان کو معمولی سزا دی جاتی ہے جس کی وجہ سے آئے دن ان بھیانک وارداتوں میں اضافہ ہورہا ہے۔کشورزہرانے مطالبہ کیا کہ تیزاب سے متاثرہ ہونے والی خواتین کوسرکاری وقومی اداروں میں خصوصی کوٹے پرنوکریاں فراہم کی جائیں تاکہ وہ بھی معاشرے میں بہتر اور باعزت زندگی گزارسکیں۔

## اے پی ایم ایس او 31ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد
## مونوٹیکنیک اورنگی نے پہلی اور کمرشل کالج اورنگی نے دوسری پوزیشن حاصل کی،
## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے انعامات سے نوازا

کراچی۔۔۔2جون 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام اے پی ایم ایس او کے 31یوم تاسیس کے سلسلے میں ایک فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جسے نوید سحر کا نام دیا گیا تھا۔فٹبال ٹورنامنٹ میں مونوٹیکنک انسٹی ٹیوٹ اورنگی،اورنگی کمرشل کالج،مونوٹیکنیک 7C کالج،کنگ فہد کالج،شپ اونر کالج،زوبیدہ پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ کی ٹیموں نے حصہ لیا۔فٹبال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں حق پرست ٹاؤن ناظم اورنگی ٹاؤن عبدالحق،نائب ناظم شاہد بشیر نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی جبکہ اس موقع پر اساتذہ کرام اورطلبہ وطالبات کی بڑی تعداد میں بھی موجود تھی۔فٹبال ٹورنامنٹ میں مونوٹیکنیک اورنگی نے پہلی اور کمرشل کالج اورنگی نے دوسری پوزیشن حاصل کی جنہیں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر نے انعامات سے نوازا اورطلب علموں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں دلچسپی کو سراہا۔

☆☆☆☆☆

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔2، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون لنڈو یونٹ کے کارکن عمر دراز، ایم کیو ایم نوابشاہ کے کارکن محمد ارشد کے صاحبزادے محمد حسن، ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن محمد عمران کی والدہ محترمہ صُبحِ دولت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم بن قاسم سیکٹر کے کارکن کے بھانجے اور پاک فوج کور 5 کے سپاہی عبدالغفار بلوچ کا سوئم

کراچی۔۔۔2، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ بن قاسم سیکٹر کے کارکن مولابخش موہانی کے بھانجے اور پاک فوج کور 5 کے سپاہی عبدالغفار بلوچ شہید کا سوئم ان کی رہائشگاہ واقع جام کنڈ و گوٹھ میں منعقد ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔سوئم کے اجتماع میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین، بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ واضح رہے کہ پاک فوج کور 5 کے سپاہی عبدالغفار بلوچ گزشتہ دنوں سوات میں پاک فوج کی جانب سے جاری آپریشن راہِ راست میں دہشت گردوں مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے تھے۔

☆☆☆☆☆